وتالیف اور خطابت کے میدان میں سند کی حیثیت رکھتا ہے۔

آپ نے ماہنامہ الحق میں بحیثیت مضمون نگار اپنی تحریری زندگی کا آغاز کیا' الٰہی توفیق انتھک جدوجہد حسن ذوق اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق ؒ کی صحبت ومعیت وہ عوامل تھے جس نے اس گوہر کی چھپی خوبیوں کو اجاگر کر کے تھوڑے ہی عرصہ میں بام عروج تک پہنچایا۔ پیش نظر کتاب ''میرے حضرت میرے شیخ ؒ '' حقانی صاحب نے بانی دارالعلوم حقانیہ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق ؒ کی حیات طیبہ پر تالیف فرمائی۔ اکابر علماء کے حالات پڑھنے سے پژمردہ قلوب میں نشاط وانبساط کی کیفیات پیدا ہوتی ہیں۔ روحانی فرزند ہونے کے ناطے اپنا حق ادا کرتے ہوئے حقانی صاحب نے اب تک شیخ الحدیث قدس سرہ کی عظیم شخصیت پر چھ کتابیں لکھی ہیں۔ تاہم ماہنامہ الحق کا ''شیخ الحدیث نمبر'' جو کہ حضرت مولانا سمیع الحق دامت برکاتہم کی فکر وسعی اور مولانا حقانی کی چار سالہ مسلسل کوششوں سے منظر عام پر آیا اس سلسلے کا بنیادی ماخذ اور تاریخی دستاویز ہے۔ اگر میں پیش نظر کتاب کو اس کا خلاصہ اور نچوڑ قرار دوں تو بے جانہ ہوگا۔ بہر حال یہ کتاب شیخ الحدیث قدس سرہ العزیز کے تلامذہ محبین اور شائقین کے لئے ایک نادر اور انمول تحفہ ہے۔ جس میں آپ کی حیات طیبہ علم و عمل' سیرت وکردار' علمی' دینی' روحانی' جہادی' تجدیدی' اصلاحی کارناموں سفر آخرت کے عبرت انگیز احوال ایمان آفرین مجالس اور روح پرور ارشادات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ (مولانا عرفان الحق حقانی)

رسالہ: <u>مروجہ قرآن خوانی کی شرعی حیثیت</u> تالیف: مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی مدظلہ

صفحات: ۴۰ ناشر: مبین ٹرسٹ' پوسٹ بکس نمبر 470 اسلام آباد۔ 44000

قرآن مجید کی تلاوت باعث خیر وبرکت اور دنیا وآخرت میں کامیابیوں کا زینہ اور خیر وبرکت کا باعث ہے۔ اس کتاب مقدسہ کی تلاوت وہ عظیم نعمت ہے جس پر فرشتے بھی رشک کرتے ہیں۔ زمانہ قدیم سے مسلمان خیر وبرکت کے حصول کیلئے اس کتاب کی تلاوت (ختم) کرتے ہیں۔ مگر آج کل قرآن خوانی کا جو طریقہ رائج ہے اسکا وجود زمانہ رسالت ﷺ' عہد صحابہ ؓ اور اسلاف کے ادوار میں مفقود ہے۔ حضرات علماء کرام نے اس کی شرعی حیثیت بیان کرنے کیلئے مختلف کتابیں اور رسائل لکھی ہیں۔ اور بعض خرابیوں کی وجہ سے اسکو ناجائز اور بدعت لکھا ہے۔ زیر تبصرہ رسالہ ''مروجہ قرآن خوانی کی شرعی حیثیت'' اسی موضوع پر جامعہ دارالعلوم کراچی کے نائب مفتی حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی مدظلہ کا ایک بیان ہے۔ جسے قلمبند کر کے مبین ٹرسٹ نے شائع کیا۔ مفتی صاحب نے قرآن خوانی کے مروجہ طریقہ کار پر بحث کرتے ہوئے اس کی جملہ خرابیوں اور دشواریوں کو واضح کر کے اس پر جرح کر کے مسئلہ کو واضح کیا۔ رسالہ کے آخر میں ایصال ثواب کا شرعی اور آسان طریقہ تفصیل سے بیان کر کے امت کو اسے اپنانے کی تلقین کی ہے۔ (مولانا عرفان الحق حقانی)